باسمہٖ تعالیٰ

وفاق المدارس العربیہ پاکستان

کے ضمنی امتحان 1442ھ/2021ء کے نتائج کا اعلان

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ضمنی امتحانات 22 تا 24 ذیقعدہ 1442ھ مطابق 3 تا 5 جولائی 2021ء بروز ہفتہ تا پیر منعقد ہوئے۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے ناظم اعلیٰ شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد حنیف جالندھری صاحب دامت برکاتہم العالیہ نے ضمنی امتحان برائے سال 1442ھ/2021ء کے نتائج کا اعلان مورخہ 8 ذوالحجہ 1442ھ مطابق 19 جولائی 2021ء بروز منگل مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان گارڈن ٹاؤن شیر شاہ روڈ ملتان میں کر دیا ہے۔

ملک بھر میں طلبہ و طالبات کے کل 233 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ 21176 طلبہ میں سے 20296 طلبہ نے امتحان میں شرکت کی۔ 16003 طلبہ پاس اور 4293 طلبہ ناکام ہوئے، طلبہ کا نتیجہ 78.8 فیصد رہا۔

اسی طرح 15250 طالبات میں سے 14584 طالبات نے امتحان میں شرکت کی، 10726 طالبات پاس اور 3858 طالبات ناکام ہوئیں۔ طالبات کا نتیجہ 73.5 فیصد رہا۔

مجموعی طور پر 36426 میں سے 34880 طلبہ و طالبات نے ضمنی امتحان میں شرکت کی۔ ان شرکاء میں سے 26729 نے کامیابی حاصل کی جبکہ 8151 ناکام ہوئے۔ مجموعی نتیجہ 76.6 فیصد رہا۔

جاری کردہ مرکزی دفتر وفاق المدارس العربیہ پاکستان

19-07-2021